## ماڈل پیپر اُردو لازمی برائے انٹر میڈیٹ پارٹ II جماعت بارہویں 2014 ومابعد

### حصہ (معروضی)

رول نمبر ہندسوں میں　　　الفاظ میں　　　وقت: 20 منٹ　　　کل نمبر: 20

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (ا)، (ب)، (ج) اور (د) دیئے گئے ہیں جوابی کاپی پر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائروں کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی پر سوال کے سامنے دیئے گئے (Write Correct Option) والے خانے میں حروف الف، ب، ج یا د بھی لکھئے۔ اگر Bubble اور Hand Written جواب میں تضاد ہو تو Bubble والا جواب درست تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1۔ (الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے

1۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کو اپنے خاندان میں کس سے زیادہ محبت تھی؟

(ا) اُم عمر　(ب) ابنِ سلیمان　(ج) عبدالملک　(د) عباس بن ولید

2۔ ندوۃ العلماء کے بانی کون تھے؟

(ا) سید سلیمان ندوی　(ب) مولوی عبدالحق　(ج) مولانا محمد علی جوہر　(د) علامہ شبلی نعمانی

3۔ ایسٹ ویسٹ سنٹر کے سینئر سکالرز کا ماہانہ وظیفہ کتنا تھا؟

(ا) آٹھ سو ڈالر　(ب) ایک ہزار ڈالر　(ج) پندرہ سو ڈالر　(د) ہزار بارہ سو ڈالر

4۔ وائرلیس کب ایجاد ہوا؟

(ا) 1838ء　(ب) 1872ء　(ج) 1895ء　(د) 1896ء

5۔ ایوب عباسی سٹرائیک کے دنوں میں کیا کردار ادا کرتے تھے؟

(ا) جلتی پہ تیل کا　(ب) صلیبِ احمر کا　(ج) آگ پہ پانی کا　(د) بے نیازی کا

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست حصے کی نشاندہی کیجئے۔

6۔ کلیاتِ اقبال چھپ ________

(ا) گیا ہے　(ب) گئے ہیں　(ج) گئی ہے　(د) گئیں ہیں۔

7۔ اس کا گھر، جائیداد اور گاڑی سب کچھ بک ________

(ا) گیا　(ب) گئی　(ج) گئیں　(د) گئے

8۔ وہ گھر نہ گیا ________ کالج چلا گیا

(ا) کیونکہ　(ب) بلکہ　(ج) چونکہ　(د) اس لئے

9۔ جلد آئیں ________ عابد کو بھی ساتھ لائیں۔

(ا) اور　(ب) بلکہ　(ج) چونکہ　(د) البتہ

10۔ قلم دوات میز پر ________

(ا) پڑی ہے　(ب) پڑے ہیں　(ج) پڑی ہیں　(د) پڑیں ہیں

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

11۔ کسی بزرگ یا دانا کا قول پیش کرتے وقت کون سی علامت لگاتے ہیں۔

(ا) سکتہ　(ب) تفصیلیہ　(ج) ختمہ　(د) واوین

Result.Pk

12- مخففات کے بعد کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔

(ا) سکتہ (ب) ختمہ (ج) رابطہ (د) قوسین

13- یہ علامت ! ہے۔

(ا) رابطہ (ب) سوالیہ (ج) سکتہ (د) ندائیہ

14- واوین کی تعریف

(ا) حیرت کا اظہار (ب) پکارنا (ج) قول بیان کرنا (د) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ

15- آہا ______ موسم کتنا خوشگوار ہے۔

(ا) ، (ب) : (ج) ؛ (د) !

(د) امدادی افعال کے صحیح استعمال کا انتخاب کیجیے۔

16- اٹھنا (ا) تم کب اٹھوگے؟ (ب) نماز کے لئے فوراً اٹھ جاؤ (ج) وہ کھانے سے پہلے اٹھ گیا (د) مجھے دیکھتے ہی وہ بھاگ اٹھا

17- پڑنا (ا) وہ کالج پڑھتا ہے (ب) اسے کام پڑ گیا (ج) وہ بھاگتے ہوئے گر پڑا (د) وہ سکول پڑھنے گیا

18- کرنا (ا) میرا یہ کام کرنا (ب) وہ یہاں آیا کرتا ہے (ج) تم کمال کرتے ہو (د) تم کیا کر رہے ہو؟

19- جانا (ا) مجھے ملتان جانا ہے (ب) مجھے جلدی کالج جانا ہے (ج) یہاں سے چلے جاؤ (د) تمہیں یہاں سے جانا ہوگا

20- دینا (ا) مجھے کتاب دینا (ب) مجھے کچھ رقم ادھار دینا (ج) مجھے امتحان دینا ہے (د) کتاب میز پر رکھ دینا


M. Javed

سید فرحت حسین رضوی (کنونیئر)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
ڈیرہ غازی خان

ڈاکٹر محمد جاوید پتافی (پرچہ ساز)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
راجن پور

ڈاکٹر افتخار بیگ (ماہر مضمون)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
لیہ


Result.PK

(11) - ﭺ - (3)

## ماڈل پیپر اُردو لازمی برائے انٹرمیڈیٹ (پارٹ II) جماعت بارہویں 2014ء و مابعد

(حصہ انشائیہ)

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

رول نمبر ہندسوں میں ا کل نمبر: 80

### حصہ اول

سوال نمبر 2 (ا) نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے۔ (1+1+8=10)

جلالِ آتش و برق و سحاب پیدا کر اجل بھی کانپ اٹھے وہ شباب پیدا کر

صدائے تیشۂ مزدور ہے ترا نغمہ تو سنگ و خشت سے چنگ و رباب پیدا کر

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے (1+3+3+3=10)

دنیا میں جب تلک کہ میں اندہ گیں رہا غم دل سے اور دل سے میرے غم قریں رہا

رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا آنکھوں پہ کھینچتا میں سر آستیں رہا

نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

سوال نمبر 3: سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (2+1+3+10=15)

(ا) تقریر کے وقت منہ سے پھول جھڑتے تھے۔ آواز میں شیرینی اور دل کشی تھی۔ اکثر لوگ جو ان سے ملنے یا کسی معاملے میں گفتگو کرنے آتے تو ان کی ذہانت اور لیاقت کے قائل ہو جاتے۔ ان کی خوش بیانی ایسی تھی کہ اکثر اوقات مخالف بھی مان جاتے تھے۔ دکن میں رہتے رہتے اور بعض امراض کی وجہ سے بھی وہ شدید موسم کو برداشت نہیں کر سکتے تھے ایسے زمانے میں وہ بمبئی چلے آتے۔

(ب) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطینِ بنی اُمیہ کی ناجائز کارروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطینِ بنی اُمیہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطین تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔

سوال نمبر 4: کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے (9+1=10)

i۔ اکبری کی حماقتیں ii۔ مولوی نذیر احمد

سوال نمبر 5: نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ لکھیے (5)

سوال نمبر 6: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

i۔ میری پسندیدہ شخصیت ii۔ منشیات ایک لعنت iii۔ تعلیم نسواں کی اہمیت

سوال نمبر 7: کسی تفریحی مقام سے اپنی والدہ کو خط لکھ کر انہیں اپنے مشاہدات اور احساسات سے آگاہ کیجیے۔ (10)

Result.pk


ڈاکٹر افتخار بیگ (ماہر مضمون)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
لیہ

ڈاکٹر محمد جاوید پتافی (پرچہ ساز)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
راجن پور

سید فرحت حسین رضوی (کنوینر)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
ڈیرہ غازی خان